لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۹ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۵؍ رجب المرجب ۱۳۳۵ھ مطابق ۷؍ مئی ۱۹۱۷ء | جلد ۲۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تصحیح اسم۔	۱
۲	عطائے پچیس ہزار روپیہ بہ کپتان ڈاکٹر عبد الحکیم خانصاحب۔	۲
۳	اضافہ منصرم بازر چیچا ...۔	"
۴	تبادلہ جگن لال و محمد خلیل محرران۔	"
۵	رخصت انسپکٹر آبکاری۔	"
۶	رخصت سید الطاف احمد۔	"
۷	رخصت نہال الدین خان اہلمد۔	"
۸	منظوری رخصت علی حسین محرر۔	"
۹	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

تصحیح

۲۶؍ اپریل سنہ ۱۹۱۷ء

حسب تحریر صاحب ہوم سکرٹری بہادر ۲۲؍ اپریل سنہ رواں کو جو تقرر منشی منظور علی کا بعہدہ ہیلکنگ افیسر میونسپلٹی بمشاہرہ پچاس روپیہ و بیس روپیہ ہارس الاؤنس بنا بر صفائی و درستی حالت شہر ہوا ہے اصل نام منشی منظور علی کا (منظور محمود) ہے

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۸ اپریل ۱۹۱۶ء

میدان جنگ میں جو خدمات کپتان ڈاکٹر عبدالحکیم خاں نے انجام دیے۔ اس سے مابدولت واقبال کا مزاج نہایت خوش ہوا۔ اس حسن خدمت کے صلہ میں مبلغ پچیس ہزار روپیہ کپتان ڈاکٹر عبدالحکیم خاں کو عطا فرمائے ہیں۔ حکم بنام دیوان صدر اجرائی کا جاری ہو۔ صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر اس رقم پچیس ہزار روپیہ کو کپتان ڈاکٹر عبدالحکیم خاں کی طرف سے کسی بنک میں جمع کرا دیں۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل اس روبکار کی کپتان ڈاکٹر عبدالحکیم خاں کو دیجائے۔ اور ایک نقل برائے کارروائی مقرر صدر صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔ دیوان صدر حکم اجرائی ہو پہنچنے کے بعد صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر دریافت کرلیں جس طرح وہ بتلائیں کارروائی کیجائے ایک ایک نقل اس روبکار کی دیوان صدر کے پاس و سوا الفاظ میں بھیجدیجائے اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۲۹ اپریل ۱۹۱۶ء

حسب گزارش صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر مبارک علیخاں منصرم باورچیخانہ ہندوستانی مشاہرہ دار پچیس روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ بلحاظ خدمات و حاضر باشی منظور فرمایا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

تبادلہ

۲۳ اپریل ۱۹۱۶ء

جگن لال محرر مال متعینہ تحصیل ملک و محمد خلیل متعینہ تحصیل سوار کا باہمی تبادلہ مع اپنی تنخواہ ہو کر منظور ہوا۔

رخصت

۲۴ اپریل ۱۹۱۶ء

حسب تحریر سپرنٹنڈنٹ صاحب آبکاری رخصت مزید دس یوم من ابتدائے ۲۳ اپریل لغایت ۲ مئی ۱۹۱۶ء سید آل حسین انسپکٹر آبکاری کی بوجہ علالت بکارگی یٰسین خاں سب انسپکٹر منظور کی گئی۔

رخصت

۲۶ اپریل ۱۹۱۶ء

حسب رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر مصدقہ حاکم صاحب صدر رخصت چھ ماہ سید الطاف احمد اہلمد پرگنہ سوار متعینہ صدر مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار کی بغرض پیروی مقدمہ بضلع شاہجہانپور بکارکردگی سید غلام کاظم محرر محافظ خانہ صدر مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار بیافت سات روپیہ ماہوار الاؤنس منظور ہوئی۔ اور بجائے سید غلام کاظم تقرر نذیر حسین امیدوار کا بشاہرہ سات روپیہ آٹھ آنہ بطور عوض کیا گیا۔ بقیہ سات روپیہ آٹھ آنہ ماہوار اصل رخصتی کو عطا ہوتے۔

رخصت

۲۹ اپریل ۱۹۱۶ء

حسب تحریر حاکم صاحب صدر رخصت مزید یکماہ نہال الدین خاں معاون اہلمد سررشتہ صدر کی بوجہ علالت ۱۱ اپریل ۱۹۱۶ء سے بعوض شفیق النبی جو عوض خدمت سابقہ بیافت کل تنخواہ منظور ہوئی۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر واقع ۱۹ اپریل ۱۹۱۶ء

منشی علی حسین محرر جوڈیشل محکمہ ایک ماہ کی رخصت نصف تنخواہ پر بعوض چاہتا ہے۔ رخصت ایک ماہ بعوض چندی پرشاد ولد منشی الفت رائے منظور ہے۔ محرر جوڈیشل محکمہ کی تنخواہ تیرہ روپیہ ماہوار ہے۔ چھ روپیہ آٹھ آنہ پر ایک امیدوار کیلئے عوض کو باہر جانے میں عذر ہوگا۔ لہذا عوض کو دس روپیہ ماہوار کے حساب سے تنخواہ ملیگی۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتداء ۲۰ اپریل لغایت ۲۰ مئی سنہ ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹ مار			۱۰ مار	۱۰ ۰ مار	۱۰ مار	تحصیل شاہ آباد و ملک سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۱۳ ۰ مار			[illegible] مار	۱۴ مار	۱۴ مار	
نخود کشتہ آمیز	۱۴ مار			۱۵ مار	۱۴ ۰ مار	۱۵ مار	
کتر	۱۵ مار			۱۶ مار	۱۵ مار	۱۶ مار	
ماش	۸ مار			۸ مار	۷ ۰ مار	۸ مار	
مونگ	۸ ۰ مار			۸ مار	۷ ۰ مار	۸ مار	
مکا	۱۲ مار			۱۸ مار	۱۲ مار	۱۲ مار	
جئی	۱۵ مار			۱۶ ۰ مار	[illegible] مار	۱۶ مار	
گوجئی	۰			۱۲ ۰ مار	۱۱ مار	۱۳ مار	
عدس	۱۰ مار			۱۰ مار	۷ مار	۹ مار	
ارہر	۱۵ مار			۱۰ مار	۸ مار	۱۵ مار	
برنج	۸ مار			۸ مار	۷ ۰ مار	۸ مار	
روغن زرد	۰ ر ۰ مار			۰ ر ۰ مار	۰ ر ۰ مار	۰ ر ۰ مار	
روغن سیاہ	۲ ر مار			۲ مار	۲ ۰ مار	۲ ۰ ر مار	
روغن کنجد	۲ مار			۲ ۰ مار	[illegible] مار	[illegible] مار	
نمک سانبھر	۱۰ مار			۱۱ مار	۱۱ مار	۱۲ مار	
نمک لاہوری	۷ مار			۸ مار	۹ مار	۹ مار	
قند سیاہ	۴ ۰ مار			۴ مار	۵ ۰ مار	۴ ۰ مار	
باجرہ	۱۰ مار			۰	۹ ۰ مار	۰	